لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ط حَسْبُنَا

اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ دوسرا عمل يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ط پڑھنے سے بھی تکلیف و کرب سے رہائی مل جاتی ہے تیسرا عمل لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ کا ورد کرنے سے بھی تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

نیند نہ آنا:- جس شخص کو کم خوابی کی شکایت ہو وہ سوتے وقت یہ آیت پڑھ لیا کرے بفضلہ تعالیٰ اس کی شکایت رفع ہو کر نیند آجایا کرے گی۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝

اگر بچہ دودھ پینا چھوڑ دے:- اگر بچہ دودھ پینا چھوڑ دے اور اسے منہ تک نہ لگاتا ہو تو حسب ذیل آیت تحریر کر کے اس کے گلے میں باندھ دو بفضلہ تعالیٰ دودھ پینا شروع کر دے گا آیت اگلے صفحہ پر ہے۔

وَاِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ السَّاحِرِ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى هُوَ اِمَّا مَا هُوَ ط اَثَرُهُوَ يَا اَهْيَا اَشْرَا وَهْيَا يَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ!

تمام امراض و آفات سے بچا رہے :- نقش حسب ذیل چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر بچے کے گلے میں ڈال دو بفضلہ تعالیٰ وہ تمام امراض و آفات سے بچا رہے گا۔

۷۸۶	بِسۡمِ اللہ	الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
بِسۡمِ	اللہِ	الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ	الرَّحِیۡمِ	بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

دشمنوں میں جنگ :- اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش پُر کر کے دشمنوں کو پلا دے گا تو ان میں جنگ ہو جائے گی!

۷۸۶

۲	۱۴	۴
۱۵	مقصد بیان کرو	۶
۳	۷	۱۰

محبوب کے لیے مطلوب کا طالع آتش ہونے کی صورت میں حسب ذیل طلسم ساعت مشتری میں نوچندی یک شنبہ کو تحریر کر کے چولہے میں دبا دو پھر دیکھو کہ

تمہارا محبوب آتش محبت سے کس طرح بے تاب ہو کر تمہارے پاس کھنچا چلا آتا ہے۔

صَحَا مَا صَرِیۡعُ عَنِ الۡمِصۡبَاحِ یَدۡعُوۡنَ ضَوۡفًا تَ طَمۡعًا رَمِقًا رَزَقۡنٰھُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ اَللّٰھُمَّ ھُوَ فُلَانِ یَاتُوۡھُمۡ بِاِسۡمِ فُلَانَ بِنۡتِ فُلَانَ عَلٰی حُبِّ فُلَانَ ابۡنِ فُلَانَ

اَلسَّاعَةِ اَلسَّاعَةِ اَلسَّاعَةِ!

محبوب بیتاب ہو کر چلا آئیگا :- محبوب کا طالع آبی ہونے کی صورت میں حسب ذیل طلسم جمعرات یا جمعہ کو لکھ کر دریا میں ڈال دیں۔

۱۱۱ ۱۱۱م ۷۱۱ ۹ ۹ ۱۶۷۸ ط ۱۱۱ ع ۱۱۱ ۵ ۵ ۱م ۱۱ ۷ ۸ ط ۱ ۵
عـام ۱۱۱ ۱۱ ۸ ۹ ۸ ۹ ۸ ۹ ۱ ۵ ۷ ۹ ۹ ۱۱ ۱۱ ۱۱ل م ۷ ط طع طع
صط ط ۵ ع ع ۷ و ۵ ع م لو ا نٹہ معشوق کا نام
فلاں علی حب فلاں بن فلاں العجل العجل العجل الـوحا الوحا الوحا

****

فالنامہ انبیاء کرام

علیہ الصلوٰۃ والسلام

حضرت اسحٰق علیہ السلام	حضرت عیسیٰ علیہ السلام	حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم	حضرت ادریس علیہ السلام	حضرت شعیب علیہ السلام
حضرت ایوب علیہ السلام	حضرت سلیمان علیہ السلام	حضرت عزیز علیہ السلام	حضرت سکندر علیہ السلام	حضرت طالوت علیہ السلام

فال دیکھنے کے لیے پہلے پاک و صاف اور باوضو ہو کر بسم اللہ شریف کے ساتھ تین بار الحمد شریف پڑھ کر خلوص دل سے مندرجہ ذیل خانوں پر آنکھیں بند کر کے انگلی رکھیں۔ جس اسم پر انگلی آئے اس کے مطابق اپنی فال دیکھیں۔

حضرت اسحٰق علیہ السلام

تمہارے لیے یہ فال موجب راحت ہے۔ خداوند تعالیٰ فرزند نرینہ عطا فرمائے گا اور اس سے تجھے راحت و اطمینان حاصل ہوگا تم بیشک نیک نیت ہو اور تمہاری نیک نیتی کے باعث جو لوگ تمہارے دشمن ہیں وہ ذلیل و خوار ہوں گے اور تمہیں بہتری و برتری حاصل ہوگی تمہارے دل سے سب رنج و ملال جاتا رہے گا صبر کرو اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے امیدوار ہو کسی کا خوف نہ کر سوائے خداوند کریم کے کسی پر بھروسہ نہ رکھو۔ تجارت میں نقصان ہوگا دستکاری سے فائدہ پہنچے گا جنوب کی طرف سفر کرنا اچھا نہیں اسے ترک کرو نکاح شادی کے لیے اچھا ہے۔

کاروبار اور تجارت ملازمت اچھی رہے گی مکان بنانا کشتی لڑنا اور نیا کام سیکھنا اچھا نہیں، اہلِ اسلام کے نزدیک یہ دن بہت متبرک ہے قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ فراخی رزق نصیب ہوگی، اہل و عیال سے آرام ملے گا بخت یاوری کرے گا۔ رب العزت کی رحمت اس وقت جوش میں ہے اللہ کا شکر کرو۔

حضرت شعیب علیہ السلام

یہ فال جس کام کے لیے نکالی گئی ہے اس کام کے پورا ہونے کا امکان نہیں لازمی طور پر تجھے حوصلہ اور جوانمردی سے کام لینا چاہیے تم دولتمند مگر مفکر بہت ہو یہی وجہ ہے کہ ہمیشہ بیمار رہتے ہو۔ تم سارے امور خدا تعالیٰ کے سپرد کر دو تو تمہارے لیے اچھا رہے گا، اگر لڑکے کی شادی کرنا چاہتے ہو تو سنبھل کر قدم رکھنا اس میں کوئی بہتری نظر نہیں آتی سفر پر خود جاؤ گے تو پریشانی ہوگی اور اگر کسی کو اپنی جگہ بھیجو گے تو کامیابی پاؤ گے ہمیشہ اللہ پر بھروسہ رکھو کیونکہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ یعنی اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے آج سفر کرنا ٹھیک نہیں نیا کام شروع نہ کریں لیکن نماز جمعہ کے بعد ہر کام کرنا موجب فائدہ اور برکت ہے ملاقات دعوت شادی وغیرہ کے لیے نہایت مبارک دن ہے خاص کر اہل اسلام کے لیے یہ دن ایک خاص اہمیت رکھتا ہے اور باقی ایام میں سے بہت افضل ہے کِرَامًا کَاتِبِیۡنَ یَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ۔

حضرت عنیزہ علیہ السلام

یہ فال سعید ہے سائل سے ایک عورت محبت کرتی ہے اور وہ عورت تیری ہمدرد ہے اس سے تجھے مسرت حاصل ہوگی اللہ تعالیٰ تیرے رزق میں کشائش کرے گا اور تیری کلفت کے دن دور ہو جائیں گے ایک شخص سے تجھے فائدہ ہوگا اور ایک شخص تیری مخالفت کرے گا ایسے حاسد شخص سے دور رہ اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کر جو تجھے ہر مصیبت سے نجات دے گا اور تیرے سب کام پورے کر دے گا اس روز سفر کرنا بالخصوص مشرق کی طرف اچھا نہیں ہے البتہ مکان تبدیل کرنا عمارت بنانا، سواری کرنا ——— بیع و شرح کرنا اچھا ہے اہل یہود کے نزدیک یہ دن متبرک سمجھا جاتا ہے۔ لِمَنِ الۡمُلۡکُ الۡیَوۡمَ لِلّٰہِ الۡوَاحِدِ الۡقَهَّارُ تیرا مقصد ضرور پورا ہوگا اور تم جلد دکھ درد سے نجات پاؤ گے خدا پر توکل رکھو وہی تیرے لیے کافی مددگار ہے۔

حضرت ایوب علیہ السلام

تمہارے لیے یہ فال امتحان صبر پر دلالت کرتی ہے اگرچہ تجھے ایک سخت مشکل درپیش ہے اور اس مشکل کو آسان کرنے میں تو مایوس نظر آتا ہے لیکن تجھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مایوس نہیں ہونا چاہیے خداوند کریم تیری مشکل آسان کردے گا مگر صبر کرو اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ یعنی اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کیساتھ ہے جس شخص سے تو دل برداشتہ ہو رہا ہے وہ بھی تیرے موافق ہوجائے گا اور تجھے اللہ تعالیٰ کی بہت سی نعمتیں حاصل ہوتیں آج سفر پر نہ جانا البتہ تعلیم حاصل کرنے لڑکے کا نام رکھنے گھوڑے خریدنے زراعت تجارت کرنے کے لیے اچھا ہے شادی نکاح بھی کرسکتے ہو عیسائیوں کا مقدس دن ہے وَھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ تم غیروں کی محتاجی سے بالکل مبرا و پاک رہو گے تمہاری تمام حاجتیں بر آئیں گی رُکے ہوئے کام پورے ہونگے حریفوں کی مذامت اٹھانی پڑے گی۔

حضرت طالوت علیہ السلام

سائل کے لیے یہ فال نیکی اور سرداری پر مبنی ہے تجھے رنج و غم نہ کرنا چاہیے صبر کرو کامیاب ہوجاؤ گے جلدی کرنے میں پشیمانی اُٹھانی پڑے گی یہ سال تیرے لیے مبارک ہے اس میں کشائش رزق ہوگی اور اپنے متعلقین میں تو سرفراز ہوگا تیرے متعلقین میں سے ایک شخص جو چیز تجھ سے طلب کرتا ہے اُسے مایوس نہ کر یہ امر تیری بھلائی کا باعث ہے تھوڑے ہی عرصہ میں تجھے مسرت اور اطمینان حاصل ہوگا اگر مشرق کی طرف سفر کرنے کا ارادہ ہو تو اس دن نہ کرو البتہ مکان بدلنے اور خرید و فروخت کرنے کے لیے بہت بہتر ہے غسل صحت کرنے اور زیور کپڑا اناج بیاہ شادی کے لیے نہایت دن اچھا ہے یہ مسلمانوں کا بزرگ دن ہے مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ اللہ تعالیٰ تمہیں ضرور شاد اور خوش رکھیں گے تم اللہ پر خوش رہو اور ہمیشہ اُس کا شکر کرو اقبال اور ظفر مندی عزت و دولت نصیب ہوگی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سائل کے لیے یہ فال موجب عزت ہے معلوم ہوتا ہے کہ سائل کسی مشکل میں پھنس گیا تھا لیکن اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اُس نے نجات پائی ہے اس میں کچھ شک نہیں ہے کہ تیرے حاسد بہت ہیں لیکن حاسدوں سے خوف نہ کھانا، خداوند کریم پر بھروسہ رکھو وہی تمہارا مددگار رہے تجھے آخری عمر میں نعمت عظمیٰ حاصل ہوگی لازم ہے کہ تو اپنے پروردگار کی عبادت کیا کر اور روزانہ کوئی دعا اور وظیفہ پڑھا کر تیرے رزق اور عزت میں ترقی ہوگی آج شمال کا سفر اچھا نہ رہے گا البتہ دعوت کرنے یا کوئی تقریب کرنے یا کسی سے ملاقات کرنے یا حیوانات خریدنے کے لیے یہ دن اچھا ہے غسل صحت مناسب نہیں نیا کام کرنا نفع بخش ہے، اہلِ ہند اس دن کو متبرک سمجھتے ہیں غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِی اَدْنَی الْاَرْضِ وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ تم کو پریشان نہ ہونا چاہیے عنقریب تم کو بشارت ملے گی، اگر سفر کا ارادہ ہے تو کچھ دن توقف کرو صبر سے کام لو خدا بہتر کرے گا کچھ صدقہ دینا چاہیے۔

حضرت ادریس علیہ السلام

یہ فال قدر و منزلت کی ہے سائل کے لیے سعادت اور اقبال کی نشانی ہے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا اور مال دولت پاؤ گے ایک جلیل القدر ہستی کے باعث بڑی عزت پاؤ گے جس کے سبب شہرت عام حاصل ہوگی فکر معاش سے نجات پاؤ گے اور تیرے تمام رنج و غم دور ہو جائیں گے اُس خدا کا شکر کرو کہ جس نے تیری بہتری کے سامان ظاہر کیے غریبوں کی مدد کر جو تیرے ہی بھائی ہیں گائے بھینس خریدنے کا خیال نہ کرو، البتہ تم اور تمام کام کر سکتے ہو نیا کام شروع کرنے کیلئے یہ دن بہت اچھا ہے سواری خریدنے اور زراعت وغیرہ کرنے بیاہ شادی کے لیے نہایت موزوں ہے شمال کا سفر اچھا نہیں لَا رَيْبَ فِيْهِ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ تجھے دکھ اور تکالیف سے عنقریب نجات ملے گی، تم اپنے نفس پر غالب آؤ گے سب کام راس آئیں گے۔ دشمن سے میل جول نہ رکھو کیونکہ اس طرح نقصان کا اندیشہ ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام

یہ فال سعادت و برکت نیک نیتی اور شرافت کی بشارت دیتی ہے تو بے شک شریف الطبع نیک نیت اور طالع مند ہے خدا کا شکر ادا کر جن لوگوں نے تجھے نقصان پہنچانے کا ارادہ کیا تھا وہ اپنے ارادہ میں ناکام رہے ہیں اور ناکام رہیں گے۔ تیرے دل میں جو خوف ہے اُسے دور کر دے جلدی کرنی اچھی نہیں ہے۔ صبر و قناعت پر رہ اللہ تیری دلی مراد ضرور پوری کرے گا اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے تو وہ بھی مل جائے گی، اپنے خیر اندیش متعلقین سے مشورہ کر تمام کاموں کو اللہ کے سپرد کر دیا کر اللہ تعالیٰ بہتر کرے گا بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا وَّ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا تو سمجھ لے کہ غیب سے کوئی نعمت ملنے والی ہے اور اس کی خوشحالی کے اسباب مہیا ہونے والے ہیں تم اپنے مقصد میں کامیاب ہو کر رہو گے کچھ خیرات دینا ضروری ہے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

یہ فال سائل کو غالب فاتح اور بامراد ہونے کی بشارت دیتی ہے جو لوگ تیرے درپے آزاد ہیں اور تجھے بدنام کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ ذلیل و خوار ہوں گے اور اللہ تعالیٰ تم کو ان پر فتح دے گا تم کو بہت سی نعمتیں حاصل ہوں گی اور تو ہر امر میں کامیاب ہوگا خداوند کریم ہر کام میں تیری مدد کرے گا اور تجھے عزت منصب اور دولت کے سب مراتب حاصل ہوں گے تو اپنے ان واقف حال لوگوں سے کنارہ کشی اختیار کر جو تجھے بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں یہ تجھ سے دوستی کے پردہ میں دشمنی پر آمادہ ہیں اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے شر و فساد سے تجھے نجات دے گا خاطر جمع رکھ اور ہر وقت اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھو اور اس کا شکر ادا کر جس نے تجھے اپنی حفظ امان میں لے رکھا ہے جو تیرے دل میں سفر کا خیال ہے وہ بہتر ہے، سفر میں مسرت حاصل ہوگی دلی آرزو پوری ہوگی یہ فال ظاہر کرتی ہے کہ تو دو یا تین نکاح کرے گا لیکن خوشی ایک ہی سے حاصل ہوگی وہ تیری فرمانبردار بن کر رہیگی خدا پر بھروسہ رکھو وہی تمہاری مدد کرے گا۔

حضرت سکندر علیہ السلام

تمہاری یہ فال ایک ہدایت ہے کہ تم اپنے دل کا راز پوشیدہ نہیں رکھتے تم بہت خوشامدی ہو تمہارے دوست اس عادت کو اچھا نہیں جانتے شیخی بازی جو تمہاری عادت ہو چکی ہے اس لیے تم سخت نقصان اٹھاؤ گے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھو اپنے آپ پر بھروسہ کرنا چھوڑ دو جس کام کی دل میں نیت ہے اس کو سوچ سمجھ کر کرنا اگلے سال تمہیں زبردست کامیابی ہوگی وظیفہ کے لیے کوشش کرو امید ہے تمہارا نمبر درمیانہ رہے گا تعلیم تمہارے لیے بہت مفید ثابت ہوگی اگر تم منیم بننے کا خیال رکھتے ہو یہ تمہارے لیے مفید نہ ہوگا دل کو فکر گھر میں تکلیف طبیعت پریشان امیدوں پر یاس وحسن کی زالجہ مگر حالات تین ماہ بعد درست ہوں گے لیکن جو بات چاہتے ہو وہ جلد ہی ہو جائے گی تم کو خوشی عارضی ہوگی دیکھو کسی دوست سے بچکر دینا ورنہ نقصان اٹھاؤ گے

وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ تمہاری دلی مراد پوری ہوگی اور جلد ہی تمہیں ایک خوشی نصیب ہوگی کچھ خیرات ضرور کرو۔

تعبیر	خواب
فرزند ارجمند ہو نفع تجارت سے بہرہ مند ہو۔	اشرفی پانا
رتبہ بلند ہو نہایت خورسند ہو۔	اونچی جگہ چڑھنا
مفلسی میں مبتلا رنج کا سامنا ہو۔	انار خشک کھانا
معشوق سے مالا مال ہو حاصل دولت لازوال ہو۔	انار شیریں کھانا
باعث پریشانی ہے اندیشہ کی نشانی ہے۔	انجیر کا پتہ پانا
حاکم وقت پر آفت آئے یا غم فرزند اٹھائے۔	اندھیرا دیکھنا
عہدہ بڑا جاتا رہے غم اور غصہ کھاتا رہے۔	اونچی جگہ سے اترنا
مال حلال سے مالا مال ہو حاصل دولت لازوال ہو۔	انجیر کھانا
مرتبہ بلند ہو یا فرزند ارجمند ہو۔	آسمان دیکھنا
جلد رنج میں مبتلا ہو۔	آب شور دیکھنا
موجب حیرانی ہے باعث پریشانی ہے۔	اولاد دیکھنا
بزرگ سے فائدہ مند ہو فتنہ فساد بند ہو۔	آب صفا دیکھنا
مال حرام کھائے پریشانی اٹھائے۔	انسان کا گوشت کھانا
افسر فوج ہو نہایت اوج ہو۔	ارگن باجا سننا
غم کی نشانی ہے نہایت پریشانی ہے۔	پیسہ پڑا پانا
کسی گل رو پر عاشق ہو۔	پھول دیکھنا

پوڑی کھانا	غیب سے روزی پائے نعمت اچھی کھائے ۔
آم کھانا	اولاد حاصل ہو اگر مفلس ہو تونگر ہو ۔
تندہی دیکھنا	ملال پیش ہو سفر در پیش ہو ۔
بادشاہ کو عنایت کرتے دیکھنا ۔	دولت و نعمت پاوے توقیر و عزت بڑھ جاوے ۔
بادام کھاتے دیکھنا	دولت سے سرور ہو کلفت سے دور ہو ۔
باغ دیکھنا	اگر سرسبز دیکھے موجب دولت ہے خشک سے کلف ۔
بندر بلی کا بچہ دیکھنا	بیماری کی علامت ہے کم غم کے ہو نیکی دلالت ہے ۔
بیمار آپکو دیکھنا	عبادت میں خلل ہے رنج بر محل ہے ۔
برزخ دیکھنا	خوف و آتش پیش ہے رنج و اندوہ درپیش ہے ۔
پارہ ہاتھ میں دیکھنا	روپیہ بہت ہاتھ میں آئے جلد خرچ ہو جائے ۔
بلبل دیکھنا	حاکم سے نفع کی دلیل ہے مگر قلیل ہے ۔
برات دیکھنا	عورت کو خوشی مرد کو رنجور ہے ۔
بالائی کھانا	کہیں سے مال ہاتھ آئے جلد خرچ ہو جائے ۔
پان کھانا	ہم نشینوں میں خودری بھائیوں میں آیا آبرو ہو ۔
حمام میں غسل کرنا	حاصل صحت دور مصیبت ہو ۔
حقہ پینا	معشوق سے ہلام ہو مرض سے نجات ہو ۔
حلال کرنا جانور کا	کار تیر زیادہ ہو حاکم سے فائدہ ہو ۔
پیوندی پر دیکھنا	فرزند و ارجمند ہو یا رتبہ بلند ہو ۔

پیشاب خون کا کرنا	پیٹ میں فرزند مر جائے یا بیماری سخت پائے ۔
پیاسا آپ کو دیکھنا	حرص بڑھی نیک کاموں میں خلل ہو ۔
پستان دیکھنا	عورت ملے دل شاد ہو یا اولاد ہو ۔
تیر نشانے پر لگانا	امید برآئے بر ہمقوموں میں عزت پائے رنج پیش آئے ۔
تبسم کرنا	پیش آئے کوئی بات ۔
تعویذ پانا	آسیب سے آسیب پائے مگر عرصہ اچھا ہو جائے ۔
پری دیکھنا	لشکر کی سرداری پائے تنخواہ بیش ہو ۔
تیتری دیکھنا	دلیل موجب اقبال زیادتی مال ہے ۔
توڑا گلے پانا	بنیک کاموں سے اجتناب کرے ۔
ثمر خام دیکھنا	خام کھِل کھلاوے جس کام کو کرے ناتمام رہ جاوے ۔
جنگل ہرا دیکھنا	رنج رفع ہو مسرت کا سامنا ہو جو دیکھے برعکس سمجھے ۔
جونک دیکھنا	عارضہ اور رنج میں مبتلا ہو ۔
جواہر دیکھنا	علم سے بہرہ یاب ہو ۔
جنازہ دیکھنا	حاصل صحت و سیرت ہو افزونی دولت ہو ۔
چراغ روشن دیکھنا	عمر بڑی شاہی اولاد شاہی کرسی بیوی ملے اگر بجھا دیکھے ۔
زراعت دیکھنا	رزق میں برکت ہو ۔
زہار دیکھنا	کسی سے نفع پریشانی وقع ہو ۔
زہر دیکھنا	غم و غصہ کھائے پریشانی اٹھائے ۔
زندہ کو مردہ دیکھنا	جس کو دیکھے اس کی ترقی حیات دور آفات ہو ۔

سر اپنا بڑا دیکھنا	سرداری لشکر پائے فتوح غیب سے ہاتھ آئے ۔
حلوا کھانا	علم اکتساب کرے کسی جہل سے اجتناب کرنا ۔
خر پر آپکو سوار دیکھنا	رسوائی کی نشانی ہے پریشانی پیش آئے ۔
درست سونے چاندی کی دیکھنا ۔	بیماری علامت بباعث نہ طاقت ہے ۔
درخت پھولوں کا دیکھنا	روپیہ بیشمار پائے معشوق نو بہار ہاتھ آئے ۔
دروازہ عالیشان دیکھنا	عورت نیک پائے ۔
دختر پیدا ہونا	اگر عورت دیکھے پسر ہو اگر مرد دیکھے دختر ہو ۔
دہی دیکھنا	سفر پیش آئے مگر تندرست گھر واپس آئے ۔
دیوانہ دیکھنا	فکر میں مبتلا ہو آفت کا سامنا ہو ۔
دلدل دیکھنا	مال سے مالا مال ہو ترقی اقبال ۔
رونا	خوشی کی نشانی ہے خدائی مہربانی ہے ۔
روتے دیکھنا	تجارت میں نفع پائے ۔
را دیکھنا	مصیبت میں مبتلا ہو ۔
غوطہ لگانا	فکر اندیشہ سے نجات پائے ۔
کھونا	بیماری سے صحت پائے تندرست ہو جائے ۔
رات دیکھنا	گردش زمانہ سے صدمہ اُٹھائے ۔
قسم کھانا	روزی کم ہو غم بہم ہونا ۔
سانپ گود میں دیکھنا	سر کا موذی ہو تکلیف پہنچائے یا مال کا ملے مگر کھلائے ۔

سانپ سے بات کرنا	دشمن سے نفع ہو رنج دفع ہو ۔
ساگ دیکھنا	افلاس کمال ہو اہل وعیال سے ملال ہو ۔
شربت پینا	گناہ سے توبہ کرے مرید ہونے کی نشانی ہے ۔
شہر دیکھنا	درخت بار آورے عالم کا ہمراز ہے ۔
شتر بے مہار دیکھنا	بدکاری کرنے میں بیباک ہو آخر کو غمناک ہو ۔
صندل دیکھنا	شادی ہو خانہ آبادی ہو ۔
طاؤس دیکھنا	عورت نازنین پائے معشوق اچھا ہاتھ آئے ۔
عناب دیکھنا	مرض سے صحت پاوے معشوق حلب ہاتھ آئے ۔
عطر دیکھنا	دنیا میں عزت ہو عورت پاکیزہ کی صحبت ہو ۔
عورت دیکھنا	پریشانی کی دلیل ہے مگر قدرے قلیل ہے ۔
کپڑا دھوتے دیکھنا	گناہ سے پاک ہو کسی غمناک ہو ۔
کباب کھانا	ماندگی رفع ہو رنج سب دفع ہو ۔
گھوڑا دیکھنا	حکومت و ریاست پائے عہدہ بڑا ہو جائے ۔
گاجر کھانا	قوۃ باہ زیادہ ہو ممسک سے فائدہ ہو ۔
گھر سونے کا دیکھنا	دشمن سے لاگ لگے گھر میں آگ لگے ۔
لوہا دیکھنا	دشمن سے سخت مقابلہ ہو یا روزی سخت مشقت سے پائے ۔
مینہ بکثرت دیکھنا	رحمت ایزدی نازل ہو فضل خداوندی شامل ہو ۔
مکھی دیکھنا	مرض جراحت میں مبتلا ہو تکلیف کا سامنا نہ ہو ۔
مونگا دیکھنا	معشوق سرخ لب پائے آمدن مزے اڑا ۔

ناخن بڑھی دیکھنا	عشق میں مبتلا ہو جنوں کا سامنا ہو۔
ولایتی انار کھانا	مریض تندرست ہو جائے تندرست ماندہ پڑ جائے۔
ہرن دیکھنا	دختر نیک پیدا ہو یا کسی معشوق پر دل شیدا ہو۔
ہد ہد دیکھنا	حاکم رحمدل کا ملازم ہو یا سفر آخرت کا عازم ہو۔
ہنسنا	غم کی دلیل ہے مگر قدرے قلیل ہے۔
آفتاب کی روشنی زیادہ دیکھنا	ترقی مدارج اور افزونی رزق کی دلیل ہے۔
آفتاب پر اندھیرا دیکھنا	مبتلائے غم والم ہو نقصان جان و مال ہو مرض یا کسی مصیبت میں پھنسے۔
آفتاب سے لڑنا	اپنے ماں باپ سے لڑے گا یا بادشاہ کو اس سے خصومت پیدا ہو گی۔
آفتاب کو سجدہ کرتے دیکھنا۔	سلطنت ملے والدین اس کے مطیع ہوں عزت پاوے۔
زمین کو دیکھنا	نعمت و دولت کی دلیل ہے کسی شہر کا حاکم ہو۔
زمین پر کرنا	عالی ہمت ہو دنیا کے کام بخوبی انجام پائیں مال بے شمار پائے۔
زمین کھودنا مٹی کھانا۔	مکر و حیلہ سے مال ملے تکلیف سے بسر ہو قیدی سخت تکلیف اٹھائے۔
زمین کو ہلتے دیکھنا	حاکم کے عتاب میں گرفتار ہو اگر عورت حاملہ دیکھے حمل ساقط ہو۔

زمین کھود کر پانی نکالنا۔	حلال سے مال ملے غیب سے روزی پاوے۔
چراغ کو خاموش دیکھنا۔	موت کی نشانی ہے خانہ ویرانی ہے۔
چراغ دان دیکھنا	عورت بدرو ملے مال میں نقصان ہو گھر ویران ہو مال جاتا رہے۔
آگ اٹھانا	مال حرام ملے کچھ نقصان پہنچے صدمہ اٹھائے۔
دوزخ سے باہر نکلنا	دینداری اور پرہیزگاری کی دلیل ہے۔
آسمان کی طرف پرواز کرنا۔	سفر دور دراز کرے گا کسی سے نفع اٹھانا فسق و فجور سے باز آئے گا۔
بارش کا ہونا	رزق کی ترقی پر دلیل ہے ارزانی غلہ کی نشانی ہے۔
جنات کے ساتھ رہتے دیکھنا۔	کسی کے فریب میں پھنسے گا نقصان اٹھائے گا۔
شیطان کو دیکھنا	گناہوں میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے توبہ کرے۔
شیطان کے دام میں پھنسنا۔	اپنے مال اور وطن سے جدا ہو گا سفر میں مصیبت اٹھائے گا۔
شیطان پر غصہ کرتے دیکھنا	دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہے۔
قیامت برپا دیکھنا	اس ملک کے بادشاہ کے عدل اور رعایا کے آرام کی دلیل ہے۔
قیامت میں حساب کرتے دیکھنا	دین و دنیا میں عزت پانے کی دلیل ہے۔

بہشت کا میوہ کھانا۔	عالم باعمل ہوگا آخرت میں عزت پاوے گا تاجر کو تجارت میں نفع ہوگا۔
بہشت میں داخل ہونا	اعمال صالح کے قبولیت کی دلیل ہے۔
بہشت کے چشموں سے پانی پینا۔	نیکی اور تقویٰ حاصل ہوگا مال حلال ملے گا فیض جاری ہوگا۔
آپکو دوزخ میں دیکھنا	کسی بلا میں پھنسے نقصان اُٹھائے گناہوں سے توبہ کرے۔
چاند کا دیکھنا	خوبصورت عورت ملے یا حسین لڑکا پیدا ہو دولت بیشمار ملے۔
آفتاب میں گہن دیکھنا	بادشاہ پر کوئی حادثہ ہوگا یا اس کے ماں باپ کا انتقال ہوگا۔
چاند کو گہن لگا دیکھنا	رنج پہنچے اگر عورت حاملہ ہے اسقاط ہو روزی تنگ ہو۔
چاند کا اپنے پاس آنا	کسی شہر کا حاکم ہو کر عزت پاوے لڑکا خوبصورت پیدا ہو۔
زمین کی سطح دیکھنا	دولت ملنے کی دلیل ہے۔
زمین کھود کر آپکو گاڑنا	تکلیف اٹھاوے یا موت کے قریب ہونے کی دلیل ہے۔
زمین کو بوتے دیکھنا	جملہ امور دین و دنیا کے بہتر ہوں گے فلاح کی دلیل ہے۔
زمین میں سما جانا	طلب و تلاش دنیا میں ہلاک ہوگا فریب میں پھنسے گا۔
بیابان میں کھانا پینا	افزونی نعمت کی دلیل ہے۔
بیابان میں چلنا	دین میں ترقی ہوگی اسلام میں مستقیم رہے گا۔
گھر کو منقش کرنا	کسی سے لڑائی ہو یا عورت باجمال ملے یا فرزند پیدا ہو۔
گھر میں کسی غیر کے داخل ہونا۔	دشمن پر فتحمند ہونے کی دلیل ہے بیمار صحت پائے۔

گھر میں آتشکدہ دیکھنا	بادشاہ کی طرف سے مال ملنے کی نشانی ہے یا بیماری سے صحت پاوے۔
گھر کو کھودنا	گناہوں سے پاک ہوا یا موت کے قریب ہوا۔
گھر کو سونے کا دیکھنا	گھر میں آگ لگے گی سب اسباب جلے گا تباہی آوے گی۔
پانی پر چلنا	کسی بادشاہ پر غالب ہوگا دولت ملے گی ترقی بے شمار ہوگی۔
دریا دیکھنا	بادشاہ یا حاکم فرمانروا ہو دولت لاانتہا ہو۔
دریائی موج کو دیکھنا	رنج و مشقت کی دلیل ہے۔
دریا سے پانی پینا	مال و دولت ملے بادشاہ مہربان ہو جاوے مرتبہ زیادہ ہووے۔
دریا کے پار ہونا	موت کے آنے کی دلیل ہے۔
دریا کو تیرہ و تار دیکھنا	یہ شخص مکدّر اور اندریگین سختی رسیدہ ہوگا۔
حوض کو دیکھنا	خیر و برکت کی دلیل ہے اور پانی پینا دولت مند ہونے کی نشانی ہے۔
نہر گدلا پانی پینا	مرض میں پھنسنے کی نشانی ہے۔
نہر یا دریا میں غسل کرنا۔	کوئی خوشی کی بات ہو اگر بیمار ہے صحت پائے گناہوں سے پاک ہووے۔
نہر کی دلدل میں پھنسنا	غم و وہم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔
دروازہ کا جل جانا	خواری و ذلت پہنچے یا کسی بیماری میں مرے گا گھر

ویران ہوگا ۔

دروازہ کے دونوں پٹ کا گر جانا ۔	اگر اس کی دونوں لڑکیاں ہیں تو دونوں مر جائیں گی یا اپنے شوہروں کے پاس سے نکل جائیں گی ۔
چوکھٹ کا دیکھنا	نیک عورت کے ساتھ نکاح کرے گا ۔
قلعہ کا دیکھنا	امیر کبیر ہوگا ریاست ملے گی خوشی حاصل ہوگی ۔
چوکھٹ چومنا	کسی کی محبت میں سرگرداں رہے مدت تک ذلیل و خوار پھرے ۔
چھت کا دیکھنا	رتبہ بلند ہوگا رنج دنیاوی سے بچے گا دولت ملے گی ۔
زلزلہ زمین میں دیکھنا	اُس جگہ کوئی آفت آنیوالی ہے سب لوگ توبہ استغفار کریں ۔
زلزلہ پہاڑ میں دیکھنا	وبا سے علماءِ شہر کا انتقال ہوگا یا بادشاہ مرے گا ۔
زلزلہ مکان میں دیکھنا	اس جگہ زنا اور اغلام ہوتا ہے عذاب خدا سے ڈر کر باز آئیں ۔
آندھی کا چلنا	خیر و برکت اور رحمت نازل ہونے کی نشانی ہے ۔
آندھی کا مع گرد کے چلنا ۔	کسی غم و الم میں مبتلا ہووے بڑی مصیبت اٹھائے ۔
آندھی کا آنا اور بجلی کا گرنا ۔	کوئی بلا آوے گی یا وبا پھیلے گی مصیبت میں خلق پڑ جائے گی ۔
حمام کی بنا ڈالنی	امید بر آئے گی عیش و عشرت سے بسر ہوگی ۔
حمام میں غسل کرنا	غم دور ہوگا عیش سے زندگی پائیگا گناہوں سے پاک ہوگا ۔

حمام سرد بے آب دیکھنا ۔	عورتوں کے فریب سے مال کا نقصان ہوگا چندے تکلیف ہوگی پھر راحت ملے گی ۔
باغ کا دروازہ بند کرتے دیکھنا ۔	اپنی عورت منکوحہ کو طلاق دے گا یا رزق میں تنگی ہوگی آفت آئے گی ۔
باغ و چمن میں سیر کرنا ۔	دین اسلام کو اس سے مدد ہوگی اور یہ شخص مرنے کے بعد جنت میں داخل ہوگا ۔
خشک لکڑی دیکھنا	اگر تصویر بنی ہے تو نفاق پر دلیل ہے ۔
حمام میں جانا	صعوبتیں اٹھاوے سختی و غم میں مبتلا ہو کر زندگی بسر کرے ۔
دکانوں کا دیکھنا	تجارت میں ترقی ہوگی روزی غیب سے ملے گی ۔
دکان پر بیٹھنا	عزیز خلائق ہوگا دولت ملے گی روز بروز تجارت میں افزونی ہوگی ۔
کعبہ کو دیکھنا	خیر و برکت کی نشانی ہے میراث ملے عالم و متقی ہووے رتبہ بلند ہو جاوے ۔
مسجد کو دیکھنا	کامل الایمان کے کامل ہونے کی علامت ہے دین و دنیا میں امن پاوے گا ۔
مسجد میں نماز پڑھنا	خانہ کعبہ کا حج نصیب ہوگا ارکان حج ادا کرے گا ۔
گورستان کو دیکھنا ۔	اپنے پچھلے کاموں سے پشیمان ہوگا بُرے کاموں کو یاد کر کے روئے گا ۔
گورستان میں آپ	کسی کام میں پھنس کر بے حد رنج و صدمہ

کو پڑے دیکھنا۔	اُٹھائے گا۔
مسجد میں جانا	خیر و برکت ہو ایمان کے کامل ہونے کی علامت ہے دین و دنیا میں امن پاوے گا۔
لاٹھی کا دیکھنا	بلند مرتبہ عالی رتبہ ہونے کی دلیل ہے۔
مسجد میں بغیر قبلہ نماز پڑھنا۔	اس کے دین میں کچھ نقصان ہے تقویٰ اختیار کرے گناہوں سے توبہ کرے۔
درخت خاردار کا دیکھنا۔	بیماری اُٹھائے صعوبت و کربت سے بسر کرے دشمن کے ہاتھ سے تکلیف پائے۔
انگور کا درخت دیکھنا	عورت نیک بخت ملے خوشی سے بسر اوقات کرے۔
سیب کا دیکھنا	متقی و پرہیزگار مشہور ہوگا دین و دنیا میں عزت ملے دولت ملے۔
سیب کا کھانا	روزی حلال سے ملے عیش و عشرت سے بسر ہو۔
کا کھانا	لڑکی پیدا ہوگی یا اس کی منکوحہ کو حمل رہے گا۔
کیلا کا دیکھنا	دنیا کی نعمتیں حاصل ہوں امن و امان سے رہے۔
کھیت کا کاٹنا	کسی کو قتل کرے یا اپنی منکوحہ کو طلاق دے۔
گیہوں کا دیکھنا	رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔
گیہوں کا کھانا	بادشاہ شہر سے نکال دے گا عزت میں فرق آئے گا۔
چھلی کا دیکھنا	دولت ملے عمر دراز ہو تردد و فکر سے گھبرائے۔
باجرے کا دیکھنا	ذلیل و خوار ہوگا تجارت میں نقصان اُٹھائے۔

جو کا دیکھنا	روزی حلال کی ترقی ہوگی فقیر امیر ہوگا مگر چندے مصیبت رہے گی۔
چاول کا دیکھنا	بڑی مشقت سے مال ملے گا دولت سے راحت پائیگا۔
ماش مسور اور مونگ کو دیکھنا۔	حرام کا مال ملے رنج و غم سے سیر ہووے۔
چھلی ٹوٹی ہوئی دیکھنا	رنج و غم بہت ہو تردد و فکر سے گھبرائے۔
سفید پھول کو دیکھنا	راحت و آرام ہو نعمت بے شمار ملے۔
سرخ پھول کا دیکھنا	دین و دنیا میں بہتری حاصل ہو اگر باغ میں ہے فرزند پیدا ہو یا کوئی خوشی حاصل ہو۔
گلاب کا پھول دیکھنا	خلق میں ذی رتبہ اور نیک نام ہو۔
چنبیلی کا پھول دیکھنا	خوشی کی علامت ہے اگر بیمار ہو صحت پاوے۔
گلدستہ باندھنا	جنگ و خصومت کی علامت ہے۔
مٹھائی کا دیکھنا	عزت و حرمت پر دلیل ہے۔
دہی کھانا	غم و الم کی دلیل ہے۔
کھانا کھاتے دیکھنا	نعمت میں افزونی ہو۔
دوا کھانا	پشیمان ہوگا مصیبت اُٹھائے گا۔
مشک کا دیکھنا یا لگانا۔	بلند اقبال ہو اگر فقیر ہے سخی ہو جائے۔
کافور کا دیکھنا	عالم متدین ہو مال تجارت میں فائدہ ہو۔

صندل کا دیکھنا	نیک نامی سے مشہور ہو بڑی مشقت اُٹھا کر مال ہاتھ لگے عیش کرے ۔
عنبر کا دیکھنا	حلال سے روزی ملے راحت و آرام سے بسر ہو ۔
زعفران کا دیکھنا	نیک عورت سے ہم صحبت ہو مال سے مالا مال ہو ۔
لباس پاکیزہ پہننا ۔	مرتبہ و عزت پائے عورت باکرہ سے نکاح کرے اور اگر عورت ہے مرد اچھا ملے ۔
عطر کا دیکھنا	تجارت میں منفعت ہو اگر بیمار رہے صحت پاوے ۔
کملی کا دیکھنا	دین و دنیا میں عزت ملے صاحب ہو جائے ۔
پائجامہ کا پھٹا دیکھنا	زوجہ کو طلاق دے گا ۔
شراب کی نہر باغ میں دیکھنا ۔	جنت میں داخل ہونے کی دلیل ہے ۔
برف کھانا ۔	دل کی خوشی حاصل ہوگی ۔
جواہر کا دیکھنا	مال افزوں ملے اللہ کی یاد میں مشغول رہے ۔
موتی دیکھنا	قرآن اور علم اور فرزند پر دلیل ہے ۔
موتی میں سوراخ کرنا ۔	وہ شخص تفسیر قرآن کی لکھے گا یا تفسیر کی کوئی کتاب پڑھے گا ۔
موتی بیچنا	اس سے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا ۔
چاندی کا ٹکڑا دیکھنا	خوبصورت لونڈی ملے عیش سے زندگی بسر کرے ۔
چاندی کا گلانا	خصومت میں مبتلا ہو اور رنج اٹھاوے ۔

سونے کا ٹکڑا پانا	سرداری ملے مال سے مالا مال ہو تنگی معاش دور ہو ۔
سونا دیکھنا	غم والم پر دلیل ہے ۔
چاندی کا پانا	رنج دور ہوگا خوشی نصیب ہوگی ۔
سونا گھلاتے دیکھنا	آفت میں پھنسے مصیبت سے عمر کٹے مال کا نقصان ہو ۔
سونا کسی کے پاس امانت رکھنا ۔	امانتدار خیانت کرے مال ضائع ہو جائے ۔
موتیوں کا گچھا دیکھنا	قرآن کو حفظ کرے گا کثیر الامانت عظیم الورع کثیر الاولاد و ذی رتبہ ہوگا ۔
موتیوں کا کھانا	علم قرآن کو سینے میں محفوظ رکھے گا اور لوگوں کو تعلیم کرے گا ۔
موتیوں کا کان میں بندہ دیکھنا ۔	علم تفسیر سیکھے کثیر الاولاد ہو خیر جاری ہونے کی علامت ہے ۔
موتیوں کا منہ سے جھڑنا ۔	کلام نیک جاری ہوں گے لوگوں کو علم بکثرت سکھاوے گا ۔ بہت تسبیح کرے گا ۔
سونا نثار کرنا	مال کو ضائع کرے رنج بے انتہا اُٹھائے ۔
انگوٹھی پہننا	حکومت و مرتبہ ملے بادشاہ کا مصاحب ہو ۔
انگوٹھی سونے کی بے نگینہ دیکھنا ۔	مردوں کے لیے برائی کی علامت ہے عورتوں کے واسطے بھلائی ہے ۔
طوق دیکھنا	کسی کی امانت اس کی گردن میں پڑے گی ۔ یا افکار

	دنیا میں مبتلا ہو گا۔
تاج کو سر پر دیکھنا	برتری اور شرف حاصل ہو گا۔
انگوٹھی بیچ ڈالنا	عورت کے فراق میں صدمہ اُٹھائے۔
چاندی دیکھنا	مال حلال پر دلیل ہے۔
عقیق کا دیکھنا	عزت پاوے یا مال بکثرت ہاتھ لگے گا۔
مونگا دیکھنا	مالدار ہو خزانہ ملے راہ خدا میں دے۔
فیروزہ دیکھنا	عمر دراز ہو دشمن پر فتحیاب ہو۔
زمرد و زبرجد دیکھنا	مرد شجاع و دیندار ہو مال حلال ملے کسی عورت سے نکاح کرے۔
لعل دیکھنا	عیش و عشرت سے بسر ہو فرزند شائستہ پیدا ہو۔
یاقوت دیکھنا	خوشی و خرمی حاصل ہو عورت جمیلہ سے وصل نصیب ہو۔
چھاگل دیکھنا	قید ہو جائے کسی بلا میں مبتلا ہو جائے۔
روپیہ ضائع کرنا	کسی جاہل سے رنج اُٹھائے مال تلف ہو جائے۔
روپیہ بنانا	نیک عمل نہ کرے دولت کی تمنا میں بسر کرے۔
روپیہ ہاتھ میں لینا	غیب سے روزی ملے تنگی معاش سے رنج نہ اُٹھائے۔
پیسہ دیکھنا	محنت اور تنگ دلی کی دلیل ہے۔
دیگ دیکھنا	عورت باکرہ سے ہم صحبت ہو اگر عورت دیکھے مرد جوان۔
ریگدان دیکھنا	گھر عمدہ ہے روزی غیب سے پائے۔

رکابی دیکھنا	غلام خیر خواہ ملے رنج دُور ہو راحت آئے روزی حلال ملے۔
پیالہ دیکھنا	کثرت رزق پر دلیل ہے۔
دستر خوان خالی دیکھنا۔	تنگی معاش پر دلیل ہے اور کھانے سے دیکھنا ترقی نعمت ہے۔
گلاس یا کٹورہ دیکھنا۔	اگر کسی چیز سے بھرا ہے تو موت کی نشانی اور خالی معیشت کی دلیل ہے۔
قینچی سے کاٹنا	موت آنے کی دلیل ہے یا قرض لیکر رنج اُٹھاوے۔
سوئی میں دھاگہ پرونا	زوجہ اطاعت کرے خانہ آبادی ہو۔
سوئی کا ٹوٹنا	پریشانی رہے تلاش معاش میں پراگندہ پھرے۔
سوئی سے سینا	جس کام کی تمنا ہو بر آئے غم والم دور ہو خزانہ ملے۔
کوڑی پانا	تنگی معاش پر دلیل ہے۔
کاغذ دیکھنا	کوئی کتاب لکھے اس سے خلق کو فائدہ پہنچے۔
آئینہ دیکھنا	نکاح کرے اگر عورت حاملہ ہے دختر جنے۔
لڑکے کا آئینہ دیکھنا۔	بھائی پیدا ہو گا اور اگر لڑکی دیکھے تو لڑکی پیدا ہو گی۔
کنگھی کا دیکھنا	خوشی حاصل ہو زن جمیلہ سے نکاح کرے۔
بالوں میں کنگھی کرنا	رنج والم کی دلیل ہے۔
تلوار کا ٹوٹنا	مغلوب ہونے کی علامت ہے۔

تلوار کا قبضہ ٹوٹنا	باپ یا چچا کے مرنے کی نشانی ہے یا ذلیل ہو بے عزت پائے
تلوار کا میان ٹوٹنا	لڑکا مر جائے گا یا ماں فوت ہوگی کوئی آفت آئے گی۔
تلوار کا مارنا	لوگوں سے زبان درازی کرے گا۔
خوان دیکھنا	فراخی نعمت ہو معاش میں وسعت ہو۔
خوان پر کچھ کھانا	درازی عمر کی نشانی ہے۔
قرآن دیکھنا	میراث ملے دین و دنیا میں خیر و برکت و علم سیکھے یا علم سکھاوے۔
قرآن پڑھنا	روزی حلال ملے گی علم دین کی تعلیم کرے۔
ڈاڑھی اپنی دیکھنا	رنج و علم دور ہوگا خوشی نصیب ہوگی پریشانی چلی جائے گی۔
بال سر کے سیاہ دیکھنا	اگر فقیر دیکھے غنی ہو جائے اور غنی دیکھے فقیر ہو جائے۔
سر کے بال سفید دیکھنا	سب کے دل میں وقار و ہیبت ہوگی عزت و آبرو۔
مرد معلوم کا دیکھنا	بہتری کی علامت ہے۔
مرد نامعلوم کا دیکھنا	سعادت اور بہرہ مندی کی دلیل ہے۔ کسی دوست سے ملاقات ہو۔
عورت کا دیکھنا	زبونی اور نقصان کی نشانی ہے۔
سر کا دیکھنا	رئیس اور سردار ہونے کی علامت ہے۔
سر جدا دیکھنا	اقارب سے جدا ہوگا حاکم کے عتاب میں آئے گا۔
سر اپنا چھوٹا دیکھنا	تنزل کی علامت ہے۔

سر اپنے ہاتھ سے مونڈنا	بے عزتی ہوگی خلق کی نظروں سے گرے گا۔
سر مونڈوانا	اپنی اہلیہ سے شر و فساد کریگا گھر برباد ہوگا۔
سر اپنا ننگا دیکھنا	رنج میں مبتلا ہوگا صدمہ اُٹھائے گا۔
بازو اپنا کٹا دیکھنا	بھائی یا بیٹے کے انتقال سے رنج اُٹھائے۔
بازو داہنا دیکھنا	فرزند یا عزیز کے ملنے سے فرحت ہوگی چین سے بسر ہوگی۔
دانت اپنا گرتے دیکھنا	کوئی عزیز اس کا مر جائے یا غم و الم میں مبتلا ہو۔
آنکھ کا دیکھنا	خوشی حاصل ہوگی۔
ناک کا دروازہ دیکھنا	شرف حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
زبان اپنی لمبی دیکھنا	زیادہ گوئی اور فحش کی عادت ہے۔
ہاتھ دیکھنا	بھائی یا کوئی دوست ملے روپیہ ہاتھ آوے پریشانی دور ہو۔
انگلیوں کا دیکھنا	مقصد سے دور رہے روپیہ ضائع ہو جائے۔

ختم شد

چھپ گئی

موکلات

ارواح

تحفہ قلندری

یعنی خزانۂ العملیات

چند ایک عملیات

مشہور بزرگان دین کے خاص الخاص عملیات و وظائف اور تعویذات حضرت شاہ علی کرم اللہ وجہہ کے منسوبے اسمائے اصحاب کہف کے عجیب و غریب خواص و فوائد۔ دعائے کثیر البرکت۔ مندرہ شاہ شرف الدین۔ مقالید السموت والارض۔ روحانی نماز استخارہ۔ تسخیر افسران مطلوب کو تابع کرنا۔ آسیب جنات۔ سحر ستان۔ شیطان۔ ارواح خبیثہ۔ ہمزاد عناصر اربعہ کے سفلی موکلات۔ ستاروں کے اثرات بد۔ سحر جادو۔ ڈائن۔ ڈاکنی نظر بد۔ دیوی۔ بھوت پریت دیو کے عمل اور حاضرات کرنا اور علاج کرنا۔ ان سے محفوظ رہنے کے عملیات۔ جنوں کے بادشاہ کی حاضرات کا تین روزہ عمل۔ دشمنوں کے ظلم سے نجات حاصل کرنا۔ دشمنوں کی تباہی و بربادی اور ہلاکت کے چلتے ہوئے علمی اعمال۔ روحوں کی حاضرات اور ان کی تسخیر کے حیرت انگیز عمل۔ عناصر اربعہ کے مخفی موکلات کو مسخر کرنا اور دنیاوی کاموں میں ان سے مدد لینا۔ سب امراض کا لاجواب اور مجرب عمل۔ سفلی [illegible] امراض سے بچاؤ۔ خواب میں روحانی مخلوق سے عمل کر کے پوشیدہ حالات کی حقیقت جاننا زنانہ مردانہ بیماریوں کے روحانی علاج۔ شفاء الامراض کا لاجواب نورانی عمل۔ عاملین کے خاندانی حسدی زود اثر عملیات۔ اس فن کے علمائے متاخرین کے ذاتی تجربہ شدہ عملیات۔ دعائے حزب البحر۔ چہل کاف۔ اعداد فتحیہ۔ دعائے رقعاب۔ سبوح شریف۔ تمیمہ حرزیہ۔ درود مستغاث۔ بہت اسماء شریف۔ اسماء پاک حروف لا اعظم۔ درود ماکبیر اعظم۔ مستجاب عشر۔ [illegible] درود صلوۃ الکبریٰ۔ تیر سیف۔ طلسماتی فقیری نزلے۔ لاجواب عملیات کی مخفی قوتوں کی تسخیر۔ تسخیر حاضرات روحانیہ کے حیرت انگیز اعمال۔ دیسی ادویات کشتہ جات ایلوپیتھک بائیوکیمک اور گرو موسیقی [illegible] زنانہ مردانہ [illegible] علاج اپنانا۔ [illegible] روحانی قوت بڑھانا۔ [illegible] ذاتی تجربہ شدہ [illegible] حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے دینی و دنیاوی فوائد کے حامل [illegible] زیارت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم۔ [illegible] نقش [illegible] امتحان میں کامیابی کا سریع التاثیر عمل۔ تسخیر ہمزاد کا نایاب عمل۔ ہر مخلوق کی زبان جاننے کا حیرت انگیز عمل۔ پوشیدہ معلوم کرنا۔ دعوت ارواح کا [illegible] عمل [illegible] کا عمل۔ عمل حب۔ [illegible] سریع عملیات۔ مرگی اور دماغی [illegible] کے بہترین عملیات۔ حب کا پھل تیار کرنا۔ حاضرات ہمزاد [illegible] [illegible] معدے اور جگر کے امراض کے علاج [illegible] دست [illegible] خون [illegible] [illegible] چاند سورج گرہن [illegible]

نور اللہ مرقدہٗ۔ قمر ناقص النور اور مخصوص دنوں کے مخصوص ساعت کے لاجواب عملیات۔ کشف مشرب کشف الارواح اور کشف القبور کے نادر و نایاب روحانی عملیات آزمودہ۔ مجرب حاضرین کے ہمراہ روحانی عملیات۔ مریض کا مرض۔ دشمن کے سامنے حاضر کرنا۔ آئینہ میں ماضی حال اور مستقبل کے حالات کا مشاہدہ کرنا۔ تسخیر حاضرات کا ایک روزہ عمل۔ حضرت خضر علیہ السلام۔ کثیر الفوائد عجیب انگشتری۔ مٹی اور ہوا سونگھ کر جادو معلوم کرنا۔ چھیچھوندر کا دور کرنا۔ سورۃ یٰسین کا بے نظیر عمل۔ حضرت خواجہ فرید الدین رحمۃ اللہ علیہ کے مجرب عمل۔ [illegible] مقابلے اور امتحانوں میں کامیابی کے عمل۔ حصول ملازمت۔ جب شب برات [illegible] کے نایاب عمل۔ آفات و بلیات سے حفاظت۔ کفایت مہمات۔ دشمن کی خواب بندی کے مجرب عملیات۔ علم کیمیا کا خاص عمل۔ مقدمات میں کامیابی کا نادر الوجود عمل۔ علم جفر کے سری عملیات۔ قرآن پاک کے نورانی عملیات۔ بغیر [illegible] کے نورانی عمل۔ علم الحروف۔ علم الاعداد اور اسماء الٰہی کے عجیب و غریب فوائد و خواص۔ علم [illegible] [illegible] لانے [illegible] کے بد اثرات دفع کرنے کا مجرب عمل۔ گھریلو حالات کی کامیابی کے [illegible] عملیات۔ امراض کا [illegible] علاج۔ [illegible] [illegible] نورانی نقش۔ [illegible] کے روحانی [illegible] کے عمل۔ عجیب عمل۔ [illegible] تسخیر [illegible] [illegible] شمالی [illegible] کے امراض کے علاج کے طریقے۔ [illegible] [illegible] نورانی نقش [illegible] [illegible] عمل [illegible] قرآنی حروف مقطعات کے حیرت انگیز عملیات۔ [illegible] [illegible] روحانی [illegible] کے عمل کے بہترین عملیات۔ [illegible] کے لیے نقش مبارک۔ روحانی تحفہ [illegible] روحانی قوت [illegible] [illegible] کے لیے اعمال۔ [illegible] عمل حب النبی کا [illegible] [illegible] [illegible] حیرت انگیز عملیات کا مجموعہ [illegible] ہونے کے [illegible]

تحفہ قلندری سات جلدوں میں شائع ہو گئے ہیں۔ اردو، فارسی، عربی، عبرانی اور قبل از مسیح کی [illegible] کتب [illegible] کا نچوڑ۔ مصنف کتاب کے سالہا سال کے ذاتی وسیع تجربات و مشاہدات [illegible] سلسلہ عالیہ کے [illegible] عملیات اور تیر بہدف تعویذات و عملیات حضرات کے علاوہ فن کے خاندانی حسدی تجربات۔ کم پڑھا لکھا آدمی بھی اس کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔ [illegible] کتاب [illegible] روپے [illegible] دیگر مسائل [illegible] کے لیے [illegible] [illegible] حاصل کی جا سکتی ہیں۔ [illegible] کی جا سکتی ہے۔

نورانی تحفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



فوائد

[illegible]

سحر جادو

جنات

جہانگیر بک ڈپو۔ اردو بازار لاہور ۲